درسی کتاب

# پیاری اُردو



تیسری جماعت کے لیے

تیسری جماعت کے لیے

# پیاری اُردو



نام ____________________

ولدیت ____________________ فون ____________

جماعت ______________ سیکشن ______________

ایڈمیشن آئی۔ڈی ________ جی۔آر نمبر ________ رول نمبر ________

اسکول ____________________

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# کتاب پڑھنے کی دُعا

کتاب پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی گئی دُعا پڑھ لیجیے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔

اول وآخر ایک بار دُرود شریف پڑھ لیجیے۔

## اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَ انْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

ترجمہ: اے اللہ عَزَّوَجَلَّ ہم پر علم وحکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رحمت نازل فرما، اے عظمت اور بزرگی والے۔ (مستطرف، ج 1، صف 40، دار الفکر بیروت)

Dar-ul-Madinah International University Press

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کا مقصد بذریعہ اشاعت غیر شرعی امور سے پاک تحقیقی، معاشرتی، معاشی واخلاقی تعلیم کو دنیا بھر میں عام کرنا ہے۔


**جملہ حقوق محفوظ ہیں۔**

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر اس اشاعت کے کسی بھی حصّے کی نقل، ترجمہ یا کسی بھی طریقے سے محفوظ کرنے کی اجازت نہیں۔



**پبلشر**

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

پہلی اشاعت ۲۰۱۹

ISBN : 978-969-691-050-3



**تیاری وپیش کش**

شعبۂ اُردو

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

ای میل: curriculum@darulmadinah.net



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ علٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب "پیاری اُردو (تیسری جماعت کے لیے)" مطبوعہ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس پر مجلس تفتیش کتب ورسائل کی جانب سے نظر ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ مجلس نے اسے عقائد، کفریہ عبارات، اخلاقیات اور فقہی مسائل وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کرلیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ مجلس پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم
مجلس
تفتیش کتب ورسائل
دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

مجلس تفتیشِ کتب ورسائل

تاریخ: ۲۲ نومبر ۲۰۱۸


مزید معلومات اور آن لائن کتب کی خریداری کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کیجیے۔

www.dmiup.com

# پیش لفظ

ہر زبان نہ صرف اپنے بولنے والوں کے درمیان رابطے کا ذریعہ ہوتی ہے بلکہ وہ اپنے اندر ایک تہذیب بھی رکھتی ہے۔ یوں ہر زبان دو بنیادی مقاصد کی حامل ہوتی ہے۔ پہلا مقصد اپنے بولنے والوں کو جوڑنا اور دُوسرا اپنی تہذیبی اقدار کو اُن میں منتقل کرنا۔ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کے تحت ابتدائی جماعتوں کے لیے اُردو کی درسی کتب کی سیریز "پیاری اُردو" اِن ہی مقاصد کے پیشِ نظر تیار کی گئی ہے۔

درسی کتب کے اِس سلسلے میں زبان سکھانے کے لیے ایک تدریجی عمل کے تحت بچّوں کو سادہ جملوں سے پیچیدہ جُملوں ، سادہ لکھائی سے تخلیقی لکھائی، واحد جمع اور مذکّر مؤنّث سے الفاظ مُتضاد اور الفاظ مُترادف کی جانب لے جایا گیا ہے۔ اِسی طرح بُنیادی ذخیرۂ الفاظ اور 'روزمرہ' کے بعد محاورات اور کہاوتوں کی سلسلہ وار تدریس بھی اس سیریز کا حصہ ہے۔

دُوسری جماعت کے اختتام پر چونکہ بچّے سادہ اسباق پڑھنے پر کسی حد تک قادر ہوجاتے ہیں ، اس لیے تیسری جماعت کے لیے تیار کی گئی اِس کتاب میں قدرے طویل لیکن مربوط اسباق کی تدریس کا آغاز کیا جارہاہے۔ بچّوں کی تخلیقی صلاحیتوں پر توجّہ مرکوز کرتے ہوئے اس دفعہ تخلیقی لکھائی کی مشقیں بھی نسبتاً زیادہ دی گئی ہیں۔ الفاظ سازی اور تصاویر کی تفہیم سے متعلق مختلف سرگرمیوں میں اضافہ کیا گیا ہے۔ لسانی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے ساتھ ساتھ اس بات کا خاص خیال رکھا گیا ہے کہ نثر اور نظم کے ذریعے بچّوں میں اُن تہذیبی اقدار کی منتقلی کا عمل جاری رہے جن سے اُردو ادب کا دامن مالامال ہے۔

سبق کے آخر میں 'سوچیے کیا آپ' کے عنوان سے ایک دل چسپ سرگرمی دی گئی ہے، اس سرگرمی میں شامل کیے گئے سوالات سبق کے تدریسی مقاصد کو سامنے رکھ کر تحریر کیے گئے ہیں ،اُن کے جوابات دے کر نہ صرف بچّے اپنی تعلیمی کیفیت کا جائزہ لے سکیں گے بلکہ اساتذہ بھی ان جوابات کو پڑھ کر بچّوں کی صلاحیتوں میں مزید اضافے اور ان کی کمزوریوں کو دُور کرنے کی کوشش کرسکیں گے۔ کتاب کے آخر میں مشکل الفاظ کی تفہیم کے لیے پیاری اُردو لغت کا خصوصی گوشہ شامل کیا گیا ہے، اس لغت میں کتاب میں دیے گئے اسباق کے مشکل الفاظ اور ان کے معانی کی وضاحت کی گئی ہے۔ اس طرح بچّوں کو لغت استعمال کرنے کی ترغیب بھی ملے گی۔

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کی مطبوعات کا ایک خاص حُسن اسلامی تعلیمات کا فروغ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اِس سوچ کا عکس اُردو کی اِس سیریز میں بھی بالواسطہ یابلاواسطہ موجود ہے۔ اِس سیریز میں مختلف کہانیوں، نظموں، حکایات، مضامین، اقوالِ زرّیں اور دُعاؤں کے ذریعے بچّوں کو اللہ پاک اور اُس کے بندوں کے حقوق کے بارے میں آگہی دی گئی ہے۔ ان ضروری تعلیمات کے ساتھ ساتھ قومی نصاب کی روشنی میں ماحولیات، سائنس اور شہری آداب پر مبنی اسباق بھی سیریز میں شامل کیے گئے ہیں تاکہ بچّے معاشرے کے مفید شہری بن سکیں۔ حُسنِ نیّت سے کی جانے والی اِس کوشش کے باوجود اغلاط سے پاک ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جاسکتا۔ والدین، اساتذہ کرام اور عام قارئین سے گزارش ہے کہ کتاب کے بارے میں مفید مشوروں سے نوازیں تاکہ اگلے ایڈیشن کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔

اس کتاب میں سلیم شہزاد (حمد)، فراغ راہوی (نعت)، فضل ربّی راہی (پاکستانی بچّے) مدحت الاختر (درختوں سے محبت) الطاف حسین حالی (برسات)، قیوم نظر (سُورج) اور ڈاکٹر اقبال (دُعا) کی نظمیں شامل کی گئی ہیں۔ اشاعت سے قبل ان شاعروں سے رابطے کی کوشش کی گئی ، کچھ میں کامیابی ملی اور کچھ میں کامیابی نہ ہوسکی۔ اُمید ہے کہ اس ضمن میں ہماری نیک نیتی کو ملحوظ رکھا جائے گا۔

یقیناً یہ اللہ پاک کا فضل وکرم اور پیارے مصطفٰی صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی نگاہِ کرم ہے کہ دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کے شعبۂ اُردو کو اس کتاب کی تیاری کی توفیق ملی۔ اللہ پاک سے دُعا ہے کہ وہ اپنے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے صدقے ہماری اِس کاوش کو قبول فرمائے اور اس کتاب کو بچّوں کی لسانی مہارتوں اور ذہنی تربیت سازی کا وسیلہ بنائے۔

شعبۂ اُردو

دارالمدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

# فہرست


| نمبر شمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | حمد (نظم) | ۱ |
| ۲ | نعت (نظم) | ۵ |
| ۳ | ہمارے نبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم | ۹ |
| ۴ | سزا | ۱۵ |
| ۵ | پاکستانی بچّے (نظم) | ۲۰ |
| ۶ | قائدِ اعظم | ۲۴ |
| ۷ | کچھوا اور خرگوش | ۳۰ |
| ۸ | درختوں سے محبّت (نظم) | ۳۶ |
| ۹ | آم کا درخت | ۴۰ |
| ۱۰ | احساس (تصویر کہانی) | ۴۸ |
| ۱۱ | برسات (نظم) | ۵۳ |
| ۱۲ | اپنا کام خُود کریں | ۵۷ |
| ۱۳ | تین نصیحتیں (حکایاتِ رُومی) | ۶۳ |
| ۱۴ | وقت کی قدر کرو (نظم) | ۷۲ |
| ۱۵ | صحرا کا جہاز | ۷۷ |
| ۱۶ | امتحان | ۸۵ |
| ۱۷ | سچ (نظم) | ۹۱ |
| ۱۸ | صحّت | ۹۷ |
| ۱۹ | عیدِ قُربان | ۱۰۵ |
| ۲۰ | سُورج (نظم) | ۱۱۱ |
| ۲۱ | خط کی کہانی، اُس کی زبانی | ۱۱۵ |
| ۲۲ | محنتی چیونٹی (تصویر کہانی) | ۱۲۰ |
| ۲۳ | بچّے کی دُعا (نظم) | ۱۲۴ |
| ۲۴ | پیاری اُردو لغت | ۱۲۵ |

# حمد

زمیں، چاند، سُورج، ستارے خُدا کے — یہاں سے وہاں تک نظارے خُدا کے

خُدا آسماں پر سجاتا ہے بادل — ہوئے جن سے سرسبز کھیت اور جنگل

وہی تو بہاتا ہے ندیوں میں پانی — ہے پانی سے جاں دار کی زندگانی

وہی بھیجتا ہے ہواؤں کے جھونکے — کبھی گرم گرم اور کبھی ٹھنڈے ٹھنڈے

درختوں پہ پھَل پھول پتّے لگائے — وہ مٹّی پہ سبزے کی چادر بچھائے

اُسی کے اشارے پہ دن رات چلتے — یہ سُورج ، یہ چاند اور تارے نکلتے

اُسی نے دیے ہم کو ماں باپ پیارے — یہ ماں باپ پیارے، ہمارے سہارے



**کام کی بات** اللہ پاک نے زمین، آسمان، چاند، سُورج، ستارے، پانی، پھل اور پھول وغیرہ انسان کے لیے بنائے ہیں۔

## مشق

**پڑھیے۔ لکھیے۔**

**الف۔ مُندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔**

1. بادلوں اور پانی کو اللہ پاک نے کیوں بنایا ہے؟
2. اگر صرف گرم ہوائیں یا صرف ٹھنڈی ہوائیں چلیں تو کیا ہو گا؟
3. اس نظم میں اللہ پاک کے کون کون سے احسانات بیان کیے گئے ہیں؟
4. ہمیں اللہ پاک کے احسانات کے بدلے میں کیا کرنا چاہیے؟

**ب۔ دُرست الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کیجیے۔**

1. خُدا آسماں پر سجاتا ہے ________
2. وہی تو بہاتا ہے ________ میں پانی
3. وہ مٹّی پہ ________ کی چادر بچھائے
4. درختوں پہ پھل پھُول ________ لگائے

**غور کیجیے**

نظم کو غور سے پڑھیے۔ نظم کی ہر سطر میں دو جملوں میں کوئی بات کی گئی ہے۔ یہ دو جُملے مل کر ایک شعر بناتے ہیں۔ آدھے شعر یعنی ایک جُملے کو مصرعہ کہتے ہیں۔

## سوچیے اور لکھیے۔

ج۔ نیچے ہر سوال کے تین جواب دیے گئے ہیں۔ صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

۱ زمین پر دُھوپ کس چیز سے پھیلتی ہے؟

- سُورج سے۔ ☐
- بادل سے۔ ☐
- ہوا سے۔ ☐

۲ پھل، پھُول اور گھاس کہاں اُگتے ہیں؟

- زمین پر۔ ☐
- آسمان پر۔ ☐
- چاند پر۔ ☐

۳ سبزے کی چادر سے کیا مُراد ہے؟

- پہاڑ ☐
- بادل ☐
- پودے ☐

**سرگرمی** اپنے گھر میں چاروں طرف نگاہ دوڑائیے اور بتائیے کہ آپ کو اللہ پاک کی کون کون سی نعمتیں نظر آ رہی ہیں؟

د۔ اس اشتہار کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب کاپی میں لکھیے۔




۱ کس مسجد میں اجتماع ہو گا؟

۲ کس دن اجتماع ہو گا؟

۳ بیان کون کرے گا؟

۴ نعت کون پڑھے گا؟




| | ہاں | نہیں |
|---|---|---|
| ۱ اس نظم کو ترنّم سے پڑھ سکتے ہیں؟ | | |
| ۲ خدا کی نعمتوں کے بارے میں اپنے دوستوں/سہیلیوں کو بتا سکتے ہیں؟ | | |
| ۳ کسی دیوار پر لگا ہوا اشتہار وغیرہ پڑھ سکتے ہیں؟ | | |
| ۴ دُرست اور غلط جملے کی پہچان کر سکتے ہیں؟ | | |

# ہمارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا نامِ مُبارک ”محمد“ ہے۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے والد کا نام ”عبداللہ“ اور والدہ کا نام ”آمنہ“ ہے۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نبیوں میں سب سے افضل اور دُنیا میں تشریف لانے والے آخری نبی ہیں۔ اللہ پاک نے آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو بہت بُلند مرتبہ عطا فرمایا ہے، آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو سب سے اچّھے اخلاق عطا فرمائے ہیں اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کو بہترین کردار کا مالک بنایا ہے۔

پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے اخلاق بہت پیارے تھے۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ سب کے ساتھ اچّھا سُلوک فرماتے۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ بچّوں پر شفقت فرماتے، غریبوں اور مظلوموں کی مدد فرماتے تھے۔ آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ لوگوں کی پریشانیاں دُور فرماتے اور مریضوں کی عیادت کرتے تھے۔

